A-PDF Watermark DEMO: Purchase from www.A-PDF.com to remove the watermark

Serial No.of Answer book

MRD-E/XII (A)

اُردو (لازمی) جماعت دہم

Roll Number

Fic. No. ....

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

Fic. No. ....

اُردو (لازمی) جماعت دہم

وقت: 20 منٹ

سیکشن (معروضی)

کل نمبر: 15

نوٹ۔ اس حصے کے لیے یہی شیٹ استعمال کریں۔ کاٹ کر، مٹا کر یا دوبارہ لکھے ہوئے جواب پر کوئی نمبر نہیں ملے گا۔

سوال نمبر 1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات (الف، ب، ج، د) دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کا انتخاب کر کے سامنے دیئے گئے خانے میں لکھیں۔

(i) حضورؐ نے اپنے بستر پر حضرت ____ کو سو جانے کی ہدایت فرمائی۔ (الف) ابوبکرؓ (ب) علیؓ (ج) عمرؓ (د) عبدالرحمانؓ

(ii) ہندوؤں نے مسلمانوں کو ہندو بنانے کے لیے ____ تحریک شروع کی۔ (الف) خلافت (ب) رومال کی (ج) شدھی (د) سنگھٹن

(iii) پان بیڑی والے لڑکے سے نوجوان نے ____ کا چینج مانگا۔ (الف) پانچ (ب) دس (ج) سو (د) پانچ سو

(iv) ہوٹل ہذا کے تین اطراف میں ____ تھی۔ (الف) سڑک (ب) عمارت (ج) نالی (د) کھیتی

(v) اشک ندامت کے مصنف کا نام ____ ہے۔ (الف) ابن انشاء (ب) مولانا شبلی (ج) راشد الخیری (د) مرزا ادیب

(vi) علی گڑھ اور دیوبند بظاہر دو قسم کی ____ تھیں۔ (الف) درسگاہیں (ب) عبادت گاہیں (ج) سیرگاہیں (د) بندرگاہیں

(vii) بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی ____ قسمیں ہیں۔ (الف) تین (ب) دو (ج) پانچ (د) چار

(viii) ڈاکٹر، کوچوان قواعد کی رُو سے ____ ہیں۔ (الف) اسم معرفہ (ب) اسم نکرہ (ج) اسم ضمیر (د) اسم آلہ

(ix) مصرع مکمل کریں۔ اس زلف پہ پھبتی شب ____ کی سوجھی۔ (الف) دیجور (ب) مخمور (ج) روشن (د) ماتم

(x) ”صاحب کرسی“ کے ____ مداحین تھے۔ (الف) دو (ب) تین (ج) چار (د) پانچ

(xi) نظم ”حمد“ ____ نے لکھی ہے۔ (الف) ماہر القادری (ب) الطاف حسین حالی (ج) علامہ اقبال (د) میر درد

(xii) میر انیس کی لکھی ہوئی نظم ____ ہے۔ (الف) ملاوٹ نامہ (ب) شام (ج) بہار صبح (د) صدیق اکبرؓ

(xiii) جس نظم میں کسی کی موت پر غم کا اظہار کیا جاتا ہے اُسے ____ کہتے ہیں۔ (الف) مناجات (ب) مرثیہ (ج) قصیدہ (د) مثنوی

(xiv) شامل نصاب نظم ”خوشحال خان خٹک“ کے شاعر کا نام ____ ہے۔ (الف) رضا ہمدانی (ب) ضمیر جعفری (ج) خوشحال خان خٹک (د) محمود سرحدی

Result.pk

MRD-E/XII (A)

ہال میں موبائل فون لانا بالکل منع ہے

اُردو (لازمی) جماعت دہم

وقت: 2 گھنٹے 40 منٹ — کل نمبر: 60

سیکشن ''ب'' (36)

سوال نمبر 2۔ مندرجہ ذیل میں سے صرف نو (9) اجزاء کے جوابات تحریر کریں۔ تمام اجزاء کے نمبر برابر ہیں۔

i۔ کفار مکہ نے آپؐ کے خلاف کیا کیا منصوبے بنائے؟

ii۔ کانگریس کب قائم ہوئی اور اس کا اصل مقصد کیا تھا؟

iii۔ ہوٹل میں مہمانوں کو ناشتہ کیسے دیا جاتا تھا؟

iv۔ محمد احسن اپنی بیٹی کو کیوں نظر انداز کرتا تھا؟

v۔ تحصیل دار صاحب امتحان میں کیسے پاس ہوئے؟

vi۔ مرکزی کردار کو ممتحن سے کیوں نفرت تھی؟

vii۔ کوئی ایسی حدیث لکھئے جس میں ملاوٹ کرنے والوں کو سخت تنبیہ کی گئی ہو؟

viii۔ ان الفاظ و تراکیب کے معنی لکھیے اور انہیں جملوں میں استعمال کیجیے۔ فیضانِ عظیم ، طباع ، جنم بھومی ، فروغ

ix۔ ''خالدؓ و حیدرؓ کے افسانے'' سے شاعر کی کیا مراد ہے ؟

x۔ متزاد کسے کہتے ہیں؟ مثال دیجیے۔

xi۔ جب دہلی سے بڑے بڑے لوگ نکالے گئے تو غالب کیسے دہلی میں قیام پذیر رہا؟

سیکشن ''ج'' (24)

سوال نمبر 3۔ سیاق وسباق اور متن کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔

(الف) ''ہائے میرے ابا جان کو کیا ہوگیا، میں تو بھلا چنگا چھوڑ کر آئی تھی''۔ مجھ بدنصیب کو تو ابھی معلوم ہوا۔ اے اللہ کیا کروں؟ ڈپٹی صاحب کچہری میں ہیں جس طرح ہوگا آج ہی رات کو یا کل فجر حاضر ہوں گی۔ میرے آنے کا ذکر نہ کیجیے۔ ابا جان خفا ہوں گے۔ میں دور ہی سے شکل دیکھ لوں گی۔ ''اچھی اماں جان! علاج میں کمی نہ کرنا۔''

(ب) اگر آنکھ نہ کھلی اور صبح کو سونے کا الزام لگایا گیا تو کہہ دیا کہ میں پڑھتے وقت کبھی جواب نہ دوں گا۔ آئندہ مجھے کوئی دق نہ کرے۔ بعض اوقات ایسا بھی ہوا کہ لیمپ بھڑک کر چمنی سیاہ ہوگئی اور میری زیادہ محویت اور محنت کا نتیجہ سمجھی گئی۔ بعض اوقات والد، والدہ کہتے بھی تھے کہ اتنی محنت نہ کیا کرو لیکن میں زمانے کی ترقی کا نقشہ کھینچ کر اُن کا دل خوش کردیا کرتا تھا۔

سوال نمبر 4۔ شاعر کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔

(الف)
وہ پھولنا شفق کا ، وہ لقنائے لاجورد
مخمل سی وہ گیاہ وہ گل سبز سُرخ و زرد
رکھتی تھی پھونک کر قدم اپنا ہوائے سرد
یہ خوف تھا کہ دامنِ گل پر پڑے نہ گرد

(ب)
دن گزارا تھا بڑی مشکل سے
پھر تیرا وعدہ شب یاد آیا
تیرا بھولا ہوا پیمانِ وفا
مر رہیں گے اگر اب یاد آیا

سوال نمبر 5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں۔

(i) وقت کی پابندی (ii) ایک یادگار سفر (iii) والدین کی اطاعت

Result.pk

Result.pk